## سوال

جو شخص آخری تشہد میں ملے اس کی جماعت فوت ہوگئی

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا نمازی جب آخری تشہد میں ملے تو اسے نماز باجماعت کا ثواب ملے گا یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جماعت کا ثواب اسی صورت میں ملتا ہے کہ ایک آدمی رکعت ضرور پالے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

من ادرک رکعۃ من الصلاۃ فقد ادرک الصلاۃ (بخاری)

''جس نے ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی ۔''

لیکن اگر کوئی شخص کسی عذر مثلا بیماری وغیرہ کی وجہ سے لیٹ ہو تو اسے اللہ تعالیٰ جماعت کا ثواب عطا فرما دیتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ :

اذا مرض الرجل او سافر کتب اللہ لہ ما کان یعمل وہو صحیح مقیم

( صحیح بخاری )

''جب کوئی آدمی بیمار ہو یا مسافر ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اس عمل کے مطابق اجر و ثواب عطا فرما دیتا ہے جو وہ اس وقت کرتا تھا ۔ جب وہ صحیح اور مقیم تھا ۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص461

محدث فتویٰ